ہفت وار رسالہ:438
WEEKLY BOOKLET:438

# ”تفسیرِ نورُ العرفان“

## سے 77 مدنی پھول (قسط:9)

صفحات:16


04 چہرہ رب تعالیٰ کی کتاب ہے
07 میراث کی غلط تقسیم کفار کا طریقہ
12 نماز سے روکنا ابوجہل کا کام
14 مال کی محبت دل کی سختی کا باعث




اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# "تفسیرِ نُورُ العرفان" سے 77 مدنی پھول (قسط:9)

**دُعائے عطّار:** یااللہ پاک! جو کوئی 16 صفحات کا رسالہ "تفسیرِ نورُ العرفان" سے 77 مدنی پھول، (قسط:9) پڑھ یا سُن لے اُسے قرآنِ کریم کی خُوب تلاوت کی توفیق عطا فرما اور اُسے ماں باپ اور خاندان سمیت بے حساب بخش دے۔ اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلّم

## دُرود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم:** جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ پاک اُس پر دس رَحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر دس مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھے اللہ پاک اُس پر سو رَحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر سو مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھے اللہ پاک اُس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے کہ یہ نِفاق اور جہنّم کی آگ سے آزاد ہے اور اُسے بروزِ قِیامت شُہدا کے ساتھ رکھے گا۔ (مُعجم اوسط، 5/252، حدیث:2735)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ❀❀❀ صَلَّی اللّٰهُ علٰی مُحَمَّد

## "سُوْرَۃُ الْمُرْسَلٰت" سے حاصل ہونے والی 02 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ دنیا میں مومنوں کو کھانے کی اجازت دینا ایسا ہے جیسے فرمانبردار خادِم کو غذا دینا، جنّت میں مومنوں کو کھانا دینا ایسا ہو گا جیسے مہمان کی خاطر، دنیا میں کُفّار کو غذا دینا ایسا ہے جیسا کہ پھانسی کے مُجرم کو تاریخ سے پہلے غذا دی جاتی ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص876)

﴿2﴾ کُفّار کا کھانا پینا بھی جُرم ہے کیونکہ کھا پی کر کُفر کرتے ہیں لہٰذا مومن کا کھانا پینا نیکی


www.dawateislami.net

ہے کہ وہ کھا پی کر نیکیاں کرتا ہے۔ نیز مومن بَراتی ہے، حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) دولہا، برات میں براتیوں کا کھانا مہمانی کے طور پر ہوتا ہے مگر اَجنبی کا کھانا چور کی طرح۔
(تفسیر نور العرفان، ص876)

## "سُوْرَۃُ النَّبَا" سے حاصل ہونے والی 06 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ صُوفِیا کا دَم دُرود کرنا بَرحق ہے کہ فیض پہنچانے کے موقع پر پُھونکا ہی جاتا ہے۔
(تفسیر نور العرفان، ص699)

﴿2﴾ آسمان میں بے شُمار دروازے ہیں جن میں سے بعض خُصُوصی ہیں بعض عُمُومی، ہر شخص کے رزق اُترنے، اعمال چَڑھنے کا علیحدہ دروازہ ہے جو اس کی موت پر بند کر دیا جاتا ہے۔
(تفسیر نور العرفان، ص876)

﴿3﴾ حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کی مِعْرَاج کے لیے خاص دروازہ تھا جو حضرتِ جبریل (علیہ السّلام) نے مِعْرَاج میں حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کے لیے کھلوایا۔ اسی لیے دَربان نے پوچھا کہ تم کون ہو اور تمہارے ساتھ کون ہے؟ معلوم ہوا کہ آپ نئے دروازے سے گئے تھے، عُمُومی دروازے بہت قِسم کے ہیں جیسے توبہ کا دروازہ جو ہر وقت کھلا رہتا ہے، قریبِ قیامت بند ہو گا۔
(تفسیر نور العرفان، ص876)

﴿4﴾ دنیا میں کامیاب وہ ہے جو جنّت کمالے۔ مُتَّقی جسمانی وہ ہے جو نیک اعمال کرے۔ دل مُتَّقی وہ ہے جس کے دل میں اللہ والوں کا ادب ہو۔ (تفسیر نور العرفان، ص700 ملتقطاً)

﴿5﴾ مومن کو (نیک اعمال کی) جزا بھی ملے گی اور عطا (یعنی اللہ پاک کی رحمت) بھی، کافروں کو صرف جزا۔ (تفسیر نور العرفان، ص700)

﴿6﴾ جنّت کی نعمتیں صورتاً جزا ہوں گی حقیقۃً رب کی عطا جیسے کریم بہانہ بنا کر دیا کرتے


www.dawateislami.net

ہیں یا بعض نعمتیں جزا ہیں جیسے حُور و قُصور (یعنی مَحلّات) وغیرہ اور بعض عطا جیسے دِیدارِ ربِّ غَفور وغیرہ یا اعمال کا بدلہ ایک کا ہزار گُنا یہ زیادتی عطا ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص700)

## "سُوْرَۃُ النّٰزِعٰت" سے حاصل ہونے والی 05 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ فرشتے رب کو اس لیے پیارے ہیں کہ وہ اس کی اِطاعت میں سَبْقت (یعنی پہل) کرتے ہیں، سبقت کی چند صورتیں ہیں، حکم کی وجہ دریافت نہ کرے، بحث مُباحثہ میں وقت ضائع نہ کرے، تمام کاموں پر اللہ تعالیٰ کی اِطاعت مُقدَّم کرے، رب کی اطاعت خوش دلی اور جوش سے کرے، بوجھ نہ سمجھے۔ (تفسیر نور العرفان، ص876)

﴿2﴾ تَبْلِیغ میں بشارت اور خوشخبریاں زیادہ چاہئیں تاکہ لوگ اطاعت کی طرف مائل ہوں۔ (تفسیر نور العرفان، ص701)

﴿3﴾ بڑے سے بڑا مُجرِم بھی خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہو، فرعون جیسے مجرم کو بھی توبہ کی دعوت دی گئی۔ (تفسیر نور العرفان، ص701)

﴿4﴾ اگلوں کے مَصائِب سے عبرت پکڑنا بہت ضروری ہے اس سے خوفِ خدا پیدا ہوتا ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص877)

﴿5﴾ دنیا میں جس کو نیکیوں سے مَحبّت ہو وہ جنّتی ہے، جسے بُروں اور بُرائیوں سے اُلفت ہو وہ جہنّمی ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص702)

## "سُوْرَۃُ عَبَسَ" سے حاصل ہونے والی 02 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ آدم علیہ السّلام کی وفات پر فرشتے اولادِ آدم کے پاس جنّتی کافور لائے اور ان کے سامنے



www.dawateislami.net

آپ کا غُسل و کفن و دفن کیا تا کہ یہ سیکھ لیں۔(تفسیر نور العرفان، ص703)

﴿2﴾ چہرہ رب تعالیٰ کی کتاب ہے اس لیے چہرے پر مارنا اور چہرہ بگاڑنا مَنع ہے۔

(تفسیر نور العرفان، ص877)

## "سُوْرَۃُ التَّکْوِیْر" سے حاصل ہونے والی ایک خوبصورت بات

قرآن سب سے پہلے حضرتِ جبریل (علیہ السّلام) نے پڑھا اور سب سے پہلے حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) نے اس پر عمل کیا۔(تفسیر نور العرفان، ص878)

## "سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَار" سے حاصل ہونے والی ایک خوبصورت بات

انسانوں کی جان اور اعمال کی حِفاظت کے لیے فرشتے مُقرّر ہیں جان کی حِفاظت کے لیے ساٹھ، اعمال کی حِفاظت کے لیے چار، دو دن کے دورات کے۔(تفسیر نور العرفان، ص705)

## "سُوْرَۃُ الْمُطَفِّفِیْن" سے حاصل ہونے والی 02 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ جنّتی کو دوزخی سے کوئی مَحبّت نہ ہو گی۔(تفسیر نور العرفان، ص707)

﴿2﴾ جنّت سات آسمانوں سے اوپر، دوزخ سات زمینوں کے نیچے اور کروڑوں مِیل گہری ہے لیکن جنّتی اپنے پلنگ پر بیٹھے ہوئے وہاں سے (جہنم کا) سب کچھ دیکھیں گے لہٰذا اگر حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) گنبدِ خضرا سے تمام عالَم کو مُلاحظہ فرمائیں تو کوئی مُضائقہ نہیں۔

(تفسیر نور العرفان، ص707)

## "سُوْرَۃُ الْبُرُوْج" سے حاصل ہونے والی 03 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ وِلایت عمل پر موقوف نہیں چھوٹے بچوں کو بھی مِل جاتی ہے۔(تفسیر نور العرفان، ص709)



www.dawateislami.net

﴿2﴾ اولیا کا وُجود دِین کی حقّانیت کی دلیل ہے، جس دین میں ولی نہیں وہ دین باطل ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص709)

﴿3﴾ مسلمانوں کے اَخلاق ایسے بلند ہونے چاہئیں کہ کُفّار کو کوئی اَخلاقی عیب نکالنے کا موقع نہ ملے، صرف ایمان کی وجہ سے مُخالِف رہیں۔ (تفسیر نور العرفان، ص880)

## "سُوْرَۃُ الْاَعْلٰی" سے حاصل ہونے والی 03 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ دوزخ کی آگ ایک ہے مگر یکساں نہیں، کسی طبقے میں سخت تیز کسی میں کم تیز۔ (تفسیر نور العرفان، ص883)

﴿2﴾ دل کی صفائی یا وَہبی ہے (یعنی اللہ پاک کی طرف سے عطا کردہ) یا کَسبی (یعنی اپنی محنت اور کوشش سے حاصل کی ہوئی) یا عطائی، وَہبی، تزکیہ پیدائشی ہوتا ہے، کَسبی اپنے اعمال سے، عطائی کسی کی نظر سے، جیسے بادل اور سورج دُور رہتے ہوئے بھی گندی زمین کو پاک کر دیتے ہیں، ایسے ہی اللہ والوں کی نظر دور سے بھی گندے دلوں کو پاک کر دیتی ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص711)

﴿3﴾ دُنیاوِی زندگی چار قسم کی ہے: (1) طُغیانی (2) شیطانی (3) نفسانی (4) ایمانی۔ طُغیانی زندگی وہ ہے جو اللہ و رسول کی مُخالفت میں گُزرے، جیسے فرعون یا ابوجہل کی زندگی، نَفسانی و شَیطانی زندگی وہ جو نفس اَمّارہ کی پَرْوَرِش اور رب سے غَفْلت میں گُزرے، جیسے عام غافلوں کی زندگی، ایمانی جو آخِرت کی تیاری میں گزرے، جیسے صحابہ کِرام (علیہمُ الرّضوان) کی زندگی۔ دنیاوی زندگی صِفر کی مِثل ہے، اگر اکیلی رہے تو خالی اور اگر کسی عدد سے مِل جائے تو اس کو دس گُنا بنادے اگر یہ آخِرت سے مِل جائے تو دس گُنا بلکہ سات سو گُنا کر دے، اللہ نصیب


www.dawateislami.net

کرے، آمین۔ آخِرت سے مراد آخری زندگی ہے جس کی اِبتدا قبروں سے اُٹھنے پر ہے، اِنتہا کوئی نہیں، وہ پچھلی تین زندگیوں سے اعلیٰ ہے۔(تفسیر نور العرفان، ص711)

## "سُوْرَۃُ الْغَاشِیَۃ" سے حاصل ہونے والی 04 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ شیطانی کھانا وہ جو گُناہ کرنے کے لیے کھایا جائے، نفسانی کھانا وہ جو جانوروں کی طرح مَحض نفس پَرْوَری (یعنی صرف پیٹ بھرنے) کے لیے کھایا جائے۔ روحانی یا ایمانی کھانا وہ جو رب کی عبادت کے لیے کھایا جائے، یہ کھانا بھی عبادت ہے اس لیے رمضان میں سَحَری و افطار، غازی کی غذا سب عبادت ہے۔(تفسیر نور العرفان، ص883)

## اُونٹ کے کمالات

﴿2﴾ اونٹ قُدرت کی عجیب صَنْعت (یعنی تخلیق) ہے، اس میں چند چیزیں بہت عجیب ہیں، جس میں سے ایک یہ ہے کہ جانور زینت کے لیے پالے جاتے ہیں یا کھیتی باڑی کے لیے یا بوجھ لادنے یا سواری کے لیے یا دودھ یا گوشت کے لیے، اونٹ میں یہ چھ باتیں موجود ہیں۔
(تفسیر نور العرفان، ص884)

﴿3﴾ صُوفِیائے کِرام (رحمۃُ اللہِ علیہم) فرماتے ہیں کہ اِطاعت و عِشْق اونٹ سے سیکھو کہ اونٹ میں یہ دونوں چیزیں کامل طور پر موجود ہیں، جو یار کے ذکر پر وَجْد و مَستی میں نہ آئے اور جو حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کے ہر غلام کی فرمانبرداری نہ کرے وہ اونٹ سے بدتر ہے لہٰذا اونٹ سے ہر مومن و کافر کو سبق مِلتا ہے اور یہ بہت کار آمد (یعنی کام آنے والا) جانور ہے۔
(تفسیر نور العرفان، ص884)

﴿4﴾ قرآنِ کریم پابند گانِ دین کی طرف پُشت پھیر کر بیٹھنا مَنْع ہے کہ یہ پیٹھ پھیرنے کی ظاہر صورت ہے اس سے بھی پرہیز چاہیے۔(تفسیر نور العرفان، ص712)



www.dawateislami.net

## "سُوْرَۃُ الْفَجْر" سے حاصل ہونے والی 06 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ انسان کی غفلت "رات" ہے جو خود اپنے نفسِ اَمّارہ کی اَصلی حالت ہے اور مُتوجّہ اِلَی اللہ ہونا "دن" ہے جو مدینے کے سورج (یعنی نبیِ پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کی توجّہ سے ہوتا ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص885)

﴿2﴾ شَدّاد تمام روئے زمین کا بادشاہ تھا، اس نے عَدَن کے قریب جنّت بنائی جو تین سو برس میں تیار ہوئی، شَدّاد کی عمر نو سو برس ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان، ص885)

﴿3﴾ کھانے کی خیرات دیگر صدقات سے بہتر ہے کہ اس سے جان بچتی ہے، حتّٰی کہ جانوروں کو کِھلانا بھی ثواب ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص713)

﴿4﴾ میراث کی غلط تقسیم، لڑکیوں کو محروم کرنا کُفّار کا طریقہ ہے اور سخت عذاب کا باعث (ہے۔) اس سے وہ مسلمان عبرت پکڑیں جو لڑکیوں کو میراث دیتے گھبراتے ہیں۔

(تفسیر نور العرفان، ص713)

﴿5﴾ مال کی مَحبّت بُری نہیں، بلکہ بہت گہری مَحبّت بُری ہے، گہری مَحبّت کی تین صورتیں ہیں: (1) مال خرچ نہ کرے، جمع کر کے چھوڑ جائے (2) سوتے جاگتے مال حاصل کرنے کی فکر میں رہے، آخِرت سے بے پَروا، اللہ و رسول سے غافل ہو جائے (3) ہر حلال و حرام ذریعے سے مال حاصل کرے۔ خیال رہے! مال کی مَحبّت حد کے اندر جائز ہے، حد سے زیادہ بُری، مگر اللہ و رسول کی مَحبّت حد میں جائز، حد سے زیادہ بہت ہی اعلیٰ بلکہ اس کی کوئی حد ہی نہیں۔

(تفسیر نور العرفان، ص713)

﴿6﴾ "نفسِ مُطْمَئِنّہ" وہ ہے جو بغیر دیدارِ یار صبر نہ کر سکے۔ بعض نے فرمایا: مُطْمَئِنّہ وہ جو



www.dawateislami.net

اللہ کے ذِکْر میں مشغول ہو کر دنیا و مافیہا (یعنی دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے اس) کے غم سے آزاد ہو جائے۔ (تفسیر نور العرفان، ص886)

## "سُوْرَۃُ الْبَلَد" سے حاصل ہونے والی 03 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ رحمتِ اِلٰہی رو رو کر مانگنی چاہیے اور رب سے کبھی نا اُمّید نہ ہونا چاہیے، جب اس نے ہمیں ایسی بے بسی (یعنی ماں کے پیٹ) میں روزی حسبِ ضرورت بخشی تو کیا اب نہ دے گا، ضرور دے گا۔ (تفسیر نور العرفان، ص887)

﴿2﴾ صَبْر تین قسم کا ہے: (1) عبادات پر صبر: ہمیشہ عبادت کرنا، عبادت کی سختی برداشت کرنا (2) گناہوں سے صبر کہ باوجود نفس کے تقاضے کے گناہ نہ کرنا (3) مُصیبتوں میں صبر، نہ گھبرانا۔ شُجاعت، سَخاوت، رِیاضت، صبر ہی کی قسمیں ہیں، صبر بڑی اَفْضَل شے ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص888)

﴿3﴾ اپنے نَفْس پر رحم یہ ہے کہ اپنے (آپ) کو دوزخ سے بچایا جائے، جنّت والے اعمال کیے جائیں، اپنی اولاد پر یہ رحم ہے کہ انہیں دین و دنیا کی کامیاب زندگی سکھائی جائے، عزیزوں، دوستوں، پر رحم یہ ہے کہ انہیں اچھی باتوں کا حکم، بُری باتوں سے مَنْع کیا جائے، ذاتی دشمنوں پر رحم یہ ہے کہ انہیں مُعافی دے دی جائے، قومی، دینی، دشمنوں پر رحم یہ ہے کہ ان کے شر سے دنیا کو بچایا جائے۔ (تفسیر نور العرفان، ص888)

## "سُوْرَۃُ الشَّمْس" سے حاصل ہونے والی 03 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ حضرتِ ابوبکر صدیق (رضی اللہُ عنہ) بعدِ نبی تمام خَلق (یعنی انبیاو مرسلین کے بعد، تمام مخلوقاتِ الٰہی اِنس و جِنّ و مَلک (یعنی انسانوں، جِنّوں اور فرشتوں) سے اَفْضَل ہیں، جیسے سورج کے بعد چاند۔ نیز آپ حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کے خلیفہ بِلا فصل اور حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کے



www.dawateislami.net

بعد وفات پاکر حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کے ساتھ دفن ہونے والے ہیں۔

(تفسیر نور العرفان، ص889)

﴿2﴾ صُوفِیائے کِرام (رحمۃُ اللہِ علیہم) فرماتے ہیں: جو وقت رب کی یاد میں گُزرے، وہ دن ہے، جو غفلت میں کٹے وہ رات۔ (تفسیر نور العرفان، ص714)

﴿3﴾ نفس کے لاکھوں عُیُوب ہیں مگر وہ سب تین قِسم کے ہیں: بدعَقِیدگی، بدعملی، غَفْلت، ان سب عُیُوب سے نفس کو ستھرا کرے، ستھرا رکھے۔ بدعقیدگیوں سے صفائی اچھے عقائد سے حاصل ہوتی ہے، بدعملیوں سے صفائی توبہ اور نیک اعمال سے، غفلت سے صفائی اپنے گناہوں کے یاد رکھنے، قُبُور کی زیارت اور صالحین کی صُحبت سے نصیب ہوتی ہے۔

(تفسیر نور العرفان، ص889)

## "سُوْرَۃُ الَّیْل" سے حاصل ہونے والی 02 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ اپنے (آپ) کو حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے بے نیاز جاننا اُمَیَّہ بِن خَلف (غیر مسلم) کا طریقہ ہے اور اپنے کو ہمیشہ حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کا مُحتاج جاننا سنّتِ صدیقی ہے۔

(تفسیر نور العرفان، ص890)

﴿2﴾ راہِ خدا میں چیز گراں خرید نا خسارہ نہیں نَفْع ہی نَفْع ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص891)

## "سُوْرَۃُ الضُّحٰی" سے حاصل ہونے والی 05 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ موسیٰ علیہ السّلام کی فرعون کو پہلی تَبْلِیغ، جادوگروں پر فتح، فرعون سے نجات، نیز حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کو عطائے نبوت چاشت کے وقت ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان، ص716)

﴿2﴾ وہ مُرید یا شاگرد یا بیٹا سَعِید (یعنی سعادت مند) ہے جس کا مال پیر، استاد، باپ پر خرچ ہو۔

(تفسیر نور العرفان، ص892)



www.dawateislami.net

﴿3﴾ حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کا دروازہ وہ دروازہ ہے جہاں سارے منگتوں کا بھلا ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص892)

﴿4﴾ عالِم، طلبہ کو، مشائخ، مُرِید صادق کو، غنی، بھکاری کو نہ جِھڑکیں کہ یہ سب سائلین ہیں، کبھی سائلین کے لباس میں کوئی مقبول بندہ بھی ہوتا ہے جو ہمارے امتحان کے لیے آتا ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص893)

﴿5﴾ مسلمان کو صُورت وسِیْرت اسلامی رکھنی چاہیے کہ اس میں رب کی نعمت یعنی اسلام کا اِظْہار ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص893)

## "سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ" سے حاصل ہونے والی 04 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ تا قیامت اُمّت کی بَدعَمَلیاں مُلاحظہ فرما کر قلبِ پاک کو دُکھ تھا، رب نے شفاعت دے کر حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کے قلب کو تسلی دی۔ حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) اپنی اُمّت کے سارے حالات سے خبردار ہیں ورنہ آپ کو دُکھ نہ ہوتا کیونکہ اس زمانہ میں سارے صحابہ مُتَّقی تھے۔ (تفسیر نور العرفان، ص893)

﴿2﴾ ذمہ داریاں ایمان دار کے لیے بوجھ ہیں اور بے ایمان، غدار کے لیے عیش کا سامان۔ (تفسیر نور العرفان، ص893)

﴿3﴾ اپنی عبادات کے عِوَض جنّت بھی نہ چاہو، صرف رضائے رب کے طلب گار رہو، دنیا میں دل نہ لگاؤ کہ "فانی" ہے رب سے دل لگاؤ کہ وہ "باقی" ہے۔ دریا میں کشتی ہو تو نَجات ہے اور کشتی میں دریا آجائے تو ہلاکت ہے۔ دل دنیا میں رہے، دل میں دنیا نہ رہے وہ یار کے رہنے کی جگہ ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص894)

﴿4﴾ رب سے مَحبّت کی دو خصوصی نشانیاں ہیں، ایک اس کے محبوب بندوں اور محبوب



www.dawateislami.net

چیزوں سے مَحبّت، دوسرا کسی حال میں اس سے ناراض نہ ہونا۔(تفسیر نور العرفان، ص894)

## "سُوْرَۃُ التِّیْن" سے حاصل ہونے والی 04 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ زیتون کے درخت کی عمر تین ہزار سال ہے، یہ خشک پہاڑوں میں ہوتا ہے، پَرُوَرِش اور پانی کا محتاج نہیں، خُودرَو (یعنی خود بخود اُگتا یا بڑھتا) ہے، اس کا تیل نہایت صاف روشنی دیتا ہے اور سالن کی جگہ کھایا جاتا ہے۔(تفسیر نور العرفان، ص894)

﴿2﴾ حضرتِ آدم و حَوّا، جنّت سے انجیر کے پتّے جسم پر لپیٹے دنیا میں آئے اور زمین کی ہرنی کو یہ پتّے کھلا دیئے جس سے اُسے حُسن اور مُشک نصیب ہوا۔(تفسیر نور العرفان، ص894)

﴿3﴾ (حضرتِ) موسیٰ علیہ السّلام طالِب تھے اور تورات مَطْلُوب، اس لیے وہ کتاب لینے طُور پر گئے مگر حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) مَطْلُوب ہیں اور قرآنِ کریم طالِب، اس لیے قرآن حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کے پاس آیا، جب حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) مَکّی تھے تو آیاتِ قرآنیہ مَکّی ہوئیں، جب حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) مدنی ہوگئے تو آیات بھی مدنیہ ہوئیں، مکہ اور مدینہ کا ہر گلی کوچہ "طُورِ سینا" ہے۔(تفسیر نور العرفان، ص895)

﴿4﴾ رب کے سوا کوئی اَحْکَمُ الحاکمین نہیں کیونکہ اَحْکَمُ الحاکمین وہ ہے جس کی حکومت ہمیشہ سے ہو ہمیشہ رہے، جس کی حکومت ساری مخلوق پر ہو، جس کی حکومت سے کوئی مَر کر بھی نہ نکل سکے، جس کی حکومت میں ناحق فیصلہ نہ ہو سکے، جس کی حکومت سے کوئی بھاگ نہ سکے، یہ صِفَات رب تعالیٰ کے سوا کسی کی حکومت میں نہیں۔(تفسیر نور العرفان، ص895)

## "سُوْرَۃُ الْعَلَق" سے حاصل ہونے والی 05 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ ذِکْرُ اللہ کے لیے بُزُرگوں کی اِجازت مُفِیْد ہے بغیر اِجازت ذِکْرُ اللہ میں خاص تاثیر



www.dawateislami.net

پیدا نہیں ہوتی۔ (تفسیر نور العرفان، ص895)

﴿2﴾ بمقابلہ دیگر مخلوق کے انسان زیادہ محتاج ہے، جانور صرف کھانے کے حاجت مند ہیں، انسان کھانے، کپڑے، مکان سب کا حاجت مند پھر جانور صرف سبزہ وغیرہ کھالیتے ہیں مگر انسان کی غذا میں بیسیوں جھگڑے، جانوروں کی بیماریاں تھوڑی، علاج آسان، انسان کی بیماریاں زیادہ، علاج مشکل، یہ زیادہ محتاجیاں اس لیے ہیں کہ انسان مُسْتَغْنی (یعنی بے پروا) ہو کر سرکش (یعنی نافرمان) نہ ہو جائے۔ (تفسیر نور العرفان، ص896)

﴿3﴾ جب کعبۂ مُعَظَّمہ میں بُت تھے تب بھی حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) اسی (کعبے) کا طواف، اسی کی طرف (مبارک چہرہ کرکے) نماز ادا کرتے تھے لہٰذا اگر مَقابِرِ اولیاء اللہ پر ناجائز چیزیں ہوتی ہوں تو وہ مقامات مُتَبَرَّک ہی رہیں گے۔ (تفسیر نور العرفان، ص897)

﴿4﴾ مسلمان کو نماز سے روکنا ابو جہل کا کام ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص897)

﴿5﴾ سجدہ بہترین عبادت ہے کہ اس میں بندہ زمین پر اپنا سر رکھ کر اپنے عَجْز (یعنی عاجزی) کا اِظْہار کرتا ہے اور زبان سے رب کی عظمت کا اِقرار، اسی لیے ہر رَکْعَت میں سجدے دو ہیں، قِیام و رُکوع ایک ایک۔ (تفسیر نور العرفان، ص898)

## "سُوْرَۃُ الْقَدْر" سے حاصل ہونے والی ایک خوبصورت بات

نزولِ قرآن، فرشتوں کی پیدائش، جنّت میں باغ لگانا شبِ قدر میں ہوا۔

(تفسیر نور العرفان، ص718)

## "سُوْرَۃُ الْبَیِّنَۃ" سے حاصل ہونے والی 03 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ انسان مَر کر بادشاہ کی حکومت سے نِکل جاتا ہے مگر حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کا اُمّتی



www.dawateislami.net

رہتا ہے، اس لیے قَبْر میں ان کی پہچان کرائی جاتی ہے، حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) سے پہلے یہ سوالات قبر نہ تھے۔ (تفسیر نور العرفان، ص899)

﴿2﴾ رضائے الٰہی کی علامات یہ ہیں کہ بندے کو اعمالِ خیر کی توفیق ملتی ہے، مخلوق کے دل اس کی طرف کھنچتے ہیں اور لوگوں میں اس کا ذکرِ خیر رہتا ہے فرشتے بھی اس سے مَحبّت کرتے ہیں۔ (تفسیر نور العرفان، ص719)

﴿3﴾ بندے کی رضا کی علامت یہ ہے کہ بندہ رَنج و خوشی، عیش و مصیبت ہر حال میں رب سے راضی رہتا ہے، اس کے تشریعی سخت احکام بَخوشی بَجالاتا ہے، جب بیمار ڈاکٹر سے راضی ہے تو اس کی کڑوی دوا، آپریشن سے بھی راضی، یہ نعمت کسی کسی کو ملتی ہے۔

(تفسیر نور العرفان، ص719)

## "سُوْرَۃُ الزِّلْزَال" سے حاصل ہونے والی 03 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ جِنّ و اِنْس اپنی زندگی میں زمین پر بوجھ ہیں، دَفْن کے بعد زمین کا بوجھ، اسی لیے انہیں "ثَقَلَین" کہا جاتا ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص900)

﴿2﴾ قیامت میں سات گواہ ہوں گے، زمین، آسمان، وقت، خود ہمارے ہاتھ پاؤں، کاتبِ اعمال فرشتے، اعمال نامہ، اللہ تعالیٰ۔ (تفسیر نور العرفان، ص719)

﴿3﴾ جیسے زمین میں پانی وغیرہ جذب کر لینے کی صلاحیت ہے ایسے ہی ہمارے قول و عمل کیچ کر لینے کی بھی صلاحیت ہے، آج سب کچھ جَذْب کر رہی ہے، قیامت میں بیان کر دے گی، جیسے ریکارڈ بَھرتے وقت ہر آواز جذب کر لیتا ہے پھر مشین کی سُوئی لگتے ہی بول پڑتا ہے۔ نیز زمین سَعادَت و شَقاوَت بھی جذب کر لیتی ہے کہ مقبولوں کی جگہ مُتَبَرَّک (یعنی



www.dawateislami.net

بَرَکت والی) ہو جاتی ہے، مَردُودوں کی جگہ مَنْحُوس۔ (تفسیر نور العرفان، ص900)

## "سُوْرَۃُ الْعٰدِیٰت" سے حاصل ہونے والی 03 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ خوفِ خدا کا آنسو دوزخ کی آگ بُجھانے کے لیے اِکسیر (مفید) ہے۔
(تفسیر نور العرفان، ص901 ملتقطاً)

﴿2﴾ تمام مخلوق میں سب سے زیادہ احسان انسان پر ہوئے، اِسی کو اَشرفُ المخلوق بنایا گیا، اِسی کو تمام مخلوق کا مَخدوم بنایا، اِسی میں انبیاو اولیا پیدا ہوئے، پھر بہت ناشکرا بھی انسان ہی ہوا کہ خدائی کا اور جھوٹی نبوت کا دعویٰ اور انبیائے کِرام (علیہمُ السّلام) کا مُقابلہ اِسی نے کیا۔
(تفسیر نور العرفان، ص720)

﴿3﴾ مال کی مَحبّت سختیِ دل کا باعث ہے جیسے حضور (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کی مَحبّت نرمیِ دل کا سبب ہے، دیکھو یزید، فرعون، شَدّاد، جانوروں سے زیادہ سخت دل تھے۔ (تفسیر نور العرفان، ص720)

## "سُوْرَۃُ الْقَارِعَۃ" سے حاصل ہونے والی 03 خوبصورت باتیں

﴿1﴾ قیامت کے میزان اور نامۂ اعمال کا وزن حق ہے۔ (تفسیر نور العرفان، ص901)

﴿2﴾ صرف ان اعمال کا وزن ہوگا جن کی تحریر نامۂ اعمال میں ہو چکی ہے، لہٰذا بچّوں، پاگلوں کے اعمال، ایسے ہی عشقِ الٰہی، مَحبّتِ مصطفےٰ کا وزن نہیں کہ ان کی تحریر نہیں۔
(تفسیر نور العرفان، ص901)

﴿3﴾ وزن صرف انسانوں کے لیے ہے جن کے لیے جنّت و دوزخ ہے، فرشتوں، جانوروں کے اعمال کا وزن نہیں کہ ان کے لیے نہ جنّت ہے نہ دوزخ، کافر جِنّات کے لیے اگرچہ دوزخ ہے مگر مومن جِنّات کے لیے جنّت نہیں، لہٰذا ان کے اعمال کا بھی وزن نہیں، کہ ان کی تحریر نہیں۔ (تفسیر نور العرفان، ص901)


www.dawateislami.net

## "سُوْرَۃُ الْھُمَزَۃ" سے حاصل ہونے والی ایک خوبصورت بات

عوام دل وزبان سے، عُلَما زبان و قلم سے، حُکام زور وطاقت سے تبلیغ کریں۔
(تفسیر نور العرفان، ص903)

## "سُوْرَۃُ الْفَلَق" سے حاصل ہونے والی ایک خوبصورت بات

بال اور ٹوٹی کنگھی باہر نہ پھینکنا چاہیے، محفوظ جگہ ڈالے کہ اس پر جادو بہت ہوتا ہے۔
(تفسیر نور العرفان، ص908)

## "سُوْرَۃُ النَّاس" سے حاصل ہونے والی ایک خوبصورت بات

شیطان ہمارا ایسا دشمن ہے جو ہمیں نظر نہیں آتا یعنی وہ ہمیں دیکھتا ہے ہم اسے نہیں دیکھتے لہٰذا اس طاقت والے رب کی پناہ مانگو جو اسے دیکھتا ہے اور وہ رب کو نہیں دیکھتا، قوی دشمن سے قوی (یعنی طاقت والے) رب کی پناہ لو۔ (تفسیر نور العرفان، ص908)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد

### یہ رِسالہ پڑھ کر دوسرے کو دے دیجئے

شادی غمی کی تقریبات، اجتماعات، اَعراس اور جلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل اور مَدَنی پھولوں پر مشتمل پمفلٹ تقسیم کر کے ثواب کمایئے، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنایئے، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَریعے اپنے محلّے کے گھر گھر میں ماہانہ کم از کم ایک عدد سنّتوں بھرا رسالہ یا مَدَنی پھولوں کا پمفلٹ پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچایئے اور خوب ثواب کمایئے۔



www.dawateislami.net

# فہرست


| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| "سُوْرَۃُ الْمُرْسَلٰت" سے 2 خُوبصورت باتیں | 01 | "سُوْرَۃُ الَّیْل" سے 2 خوبصورت باتیں | 09 |
| "سُوْرَۃُ النَّبَا" سے 6 خُوبصورت باتیں | 02 | "سُوْرَۃُ الضُّحٰی" سے 5 خوبصورت باتیں | 09 |
| "سُوْرَۃُ النّٰزِعٰت" سے 5 خوبصورت باتیں | 03 | "سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ" سے 4 خوبصورت باتیں | 10 |
| "سُوْرَۃُ عَبَسَ" سے 2 خوبصورت باتیں | 03 | "سُوْرَۃُ التِّیْن" سے 4 خوبصورت باتیں | 11 |
| "سُوْرَۃُ التَّکْوِیْر" سے ایک خوبصورت بات | 04 | "سُوْرَۃُ الْعَلَق" سے 5 خوبصورت باتیں | 11 |
| "سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَار" سے ایک خوبصورت بات | 04 | "سُوْرَۃُ الْقَدْر" سے ایک خوبصورت بات | 12 |
| "سُوْرَۃُ الْمُطَفِّفِیْن" سے 2 خوبصورت باتیں | 04 | "سُوْرَۃُ الْبَیِّنَۃ" سے 3 خوبصورت باتیں | 12 |
| "سُوْرَۃُ الْبُرُوْج" سے 3 خوبصورت باتیں | 04 | "سُوْرَۃُ الزِّلْزَال" سے 3 خوبصورت باتیں | 13 |
| "سُوْرَۃُ الْاَعْلٰی" سے 3 خُوبصورت باتیں | 05 | "سُوْرَۃُ الْعٰدِیٰت" سے 3 خوبصورت باتیں | 14 |
| "سُوْرَۃُ الْغَاشِیَۃ" سے 4 خوبصورت باتیں | 06 | "سُوْرَۃُ الْقَارِعَۃ" سے 3 خوبصورت باتیں | 14 |
| "سُوْرَۃُ الْفَجْر" سے 6 خوبصورت باتیں | 07 | "سُوْرَۃُ الْھُمَزَۃ" سے ایک خوبصورت بات | 15 |
| "سُوْرَۃُ الْبَلَد" سے 3 خوبصورت باتیں | 08 | "سُوْرَۃُ الْفَلَق" سے ایک خوبصورت بات | 15 |
| "سُوْرَۃُ الشَّمْس" سے 3 خوبصورت باتیں | 08 | "سُوْرَۃُ النَّاس" سے ایک خوبصورت بات | 15 |




www.dawateislami.net

## اگلے ہفتے کا رسالہ




978-969-722-871-3
01082594

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
+92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net